# مَنزِل مترجم

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ الرَّحۡمٰنِ

سب تعریفیں اللہ ہی کو لائق ہیں جو مربی ہیں ہر ہر عالم کے جو بڑے مہربان

الرَّحِيۡمِ ۙ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ؕ اِيَّاكَ

نہایت رحم والے ہیں۔ جو مالک ہیں روزِ جزا کے۔ ہم آپ ہی کی عبادت

نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ؕ اِهۡدِنَا

کرتے ہیں اور آپ ہی سے درخواست اعانت کی کرتے ہیں بتلا دیجئے ہم کو

الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ

رستہ سیدھا رستہ ان لوگوں کا جن پر

اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ

آپ نے انعام فرمایا ہے نہ (رستہ) ان لوگوں کا جن پر آپ کا

عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ع

غضب کیا گیا اور نہ ان لوگوں کا جو رستہ سے گم ہو گئے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

الٓمّٓ ۝ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ ۚۛ فِیْهِ ۚۛ

الٓمّٓ یہ کتاب ایسی ہے جس میں کوئی شبہ نہیں۔

هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ ۙ۝ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ

راہ بتلانے والی ہے اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے۔ وہ (اللہ سے ڈرنے والے) لوگ ایسے ہیں کہ یقین لاتے ہیں

بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا

چھپی ہوئی چیزوں پر اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور جو کچھ دیا ہے ہم نے

رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۙ۝ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ

ان کو اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ ایسے ہیں کہ یقین رکھتے ہیں

بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ ۚ

اس کتاب پر بھی جو آپ کی طرف اتاری گئی ہے اور ان کتابوں پر بھی جو آپ سے پہلے اتاری جا چکی ہیں

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ؕ۝ اُولٰٓئِکَ عَلٰی

اور آخرت پر بھی وہ لوگ یقین رکھتے ہیں۔ بس یہ لوگ ہیں ٹھیک راہ پر

هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

جو ان کے پروردگار کی طرف سے ملی ہے اور یہ لوگ ہیں پورے کامیاب۔

۞ وَاِلٰـهُكُمْ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ

اور (ایسا معبود) جو تم سب کے معبود بننے کا مستحق ہے وہ تو ایک ہی معبود (حقیقی) ہے اس کے سوا کوئی عبادت

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ ۞ اَللّٰهُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ ۚ

کے لائق نہیں (وہی) رحمٰن ہے اور رحیم ہے ۞ اللہ تعالیٰ (ایسا ہے کہ) اس کے سوا کوئی عبادت کے قابل

اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا

نہیں، زندہ ہے سنبھالنے والا ہے (تمام عالم کا) نہ اس کو اونگھ دبا سکتی ہے اور نہ

نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

نیند اسی کے مملوک ہیں سب جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ

الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ

زمین میں ہیں ایسا کون شخص ہے جو اس کے پاس (کسی کی) سفارش کر سکے

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

بدون اس کی اجازت کے۔ وہ جانتا ہے ان کے تمام حاضر اور غائب حالات کو

وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ

اور وہ موجودات اس کے معلومات میں سے کسی چیز کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لا سکتے

عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ

مگر جس قدر (علم دینا وہی) چاہے اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ

کو اپنے اندر لے رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي

اور وہ عالی شان عظیم الشان ہے۔ دین میں زبردستی (کا فی نفسہ کوئی موقع)

الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ

نہیں کیونکہ ہدایت یقیناً گمراہی سے ممتاز ہو چکی

الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ

ہے۔ سو جو شخص شیطان سے بداعتقاد ہو اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ

بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ

خوش اعتقاد ہو (یعنی اسلام قبول کر لے) تو اس نے بڑا مضبوط حلقہ تھام لیا

لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

جس کو کسی طرح شکستگی نہیں (ہو سکتی) اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والے ہیں خوب جاننے والے ہیں

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ

اللہ تعالیٰ ساتھی ہے ان لوگوں کا جو ایمان لائے ان کو (کفر کی) تاریکیوں سے نکال کر (یا بچا کر)

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۥ ۭ وَالَّذِيْنَ

نور (اسلام) کی طرف لاتا ہے اور جو لوگ

كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ

کافر ہیں ان کے ساتھی شیاطین ہیں (انسی یا جنی) وہ ان کو نور (اسلام) سے نکال کر

مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ

(یا بچا کر کفر کی) تاریکیوں کی طرف لے جاتے ہیں ایسے لوگ دوزخ میں رہنے والے

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ لِلّٰهِ مَا فِي

ہیں (اور) یہ لوگ اس میں ہمیشہ کو رہیں گے ۝ اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہیں سب

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنْ

جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں۔ اور جو باتیں تمہارے

تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ

نفسوں میں ہیں ان کو اگر تم ظاہر کرو گے یا پوشیدہ رکھو گے

يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۭ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ

حق تعالیٰ تم سے حساب لیں گے۔ پھر (بجز کفر و شرک کے) جس کے لیے منظور ہو گا بخش دیں گے

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ

اور جس کو منظور ہو گا سزا دیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر شے

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ

پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں۔ اعتقاد رکھتے ہیں رسول اس چیز کا جو ان کے پاس ان کے

اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ

رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے اور مومنین بھی سب کے سب عقیدہ رکھتے ہیں

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ قف

اللہ کے ساتھ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ اور اسکی کتابوں کے ساتھ اور اس کے پیغمبروں کے ساتھ

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ قف وَقَالُوْا

کہ ہم اس کے پیغمبروں میں سے کسی میں تفریق نہیں کرتے اور ان سب نے یوں کہا کہ ہم

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۤ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا

نے (آپ کا ارشاد) سنا اور خوشی سے مانا ہم آپ سے بخشش چاہتے ہیں اے ہمارے پروردگار

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا

اور آپ ہی کی طرف (ہم سب کو) لوٹنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو مکلّف نہیں بناتا مگر اسی کا جو

اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ ؕ وَعَلَيْهَا

اس کی طاقت (اور اختیار) میں ہو اس کو ثواب بھی اسی کا ہوتا ہے جو ارادہ سے کرے اور اس پر عذاب بھی

مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ

اسی کا ہوگا جو ارادہ سے کرے۔ اے ہمارے رب ہم پر دارو گیر نہ فرمائیے اگر ہم

نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ

بھول جائیں یا چُوک جائیں۔ اے ہمارے رب ہم پر کوئی سخت حکم

عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ

نہ بھیجئے جیسے ہم سے پہلے لوگوں پر آپ نے بھیجے

مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ

تھے۔ اے ہمارے رب اور ہم پر کوئی ایسا بار (دنیا یا آخرت کا) نہ ڈالیے جس

لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۫ وقفة وَاغْفِرْ لَنَا ۫ وقفة

کی ہم کو سہار نہ ہو اور درگزر کیجئے ہم سے اور بخش دیجئے ہم کو

وَارْحَمْنَا ۫ وقفة اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى

اور رحم کیجئے ہم پر آپ ہمارے کارساز ہیں (اور کارساز طرفدار ہوتا ہے) سو آپ ہم کو

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ع ❁ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ

کافر لوگوں پر غالب کیجئے ❁ گواہی دی ہے اللہ تعالیٰ نے اس کی کہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا

بجز اس کے کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں اور فرشتوں نے بھی اور اہل علم نے بھی اور معبود بھی وہ اس

الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

شان کے ہیں کہ اعتدال کے ساتھ انتظام رکھنے والے ہیں ان کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ط ❁ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ

وہ زبردست ہیں حکمت والے ہیں ❁ (اے محمد ﷺ) آپ اللہ تعالیٰ سے یوں کہیے اے اللہ مالک تمام

الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ

ملک کے، آپ ملک جس کو چاہیں دے دیتے ہیں

وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۡ وَتُعِزُّ

اور جس سے چاہیں ملک لے لیتے ہیں اور جس کو آپ چاہیں

مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ

غالب کر دیتے ہیں اور جس کو آپ چاہیں پست کر دیتے ہیں آپ ہی کے

الْخَيْرُ ؕ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○

اختیار میں ہے سب بھلائی بلاشبہ آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں۔

تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ

آپ رات (کے اجزاء) کو دن میں داخل کر دیتے ہیں اور (بعض فصلوں میں) دن (کے اجزاء)

فِي اللَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ

کو رات میں داخل کر دیتے ہیں۔ اور آپ جاندار چیز کو بے جان سے نکال لیتے ہیں (جیسے بیضہ

وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ

سے بچہ) اور بے جان چیز کو جاندار سے نکال لیتے ہیں (جیسے پرندے سے بیضہ) اور آپ

مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ ۞ إِنَّ

جس کو چاہتے ہیں بے شمار رزق عطا فرماتے ہیں ۞ بے شک

رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے سب آسمانوں

وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی

اور زمین کو چھ روز میں پیدا کیا پھر عرش پر

عَلَی الْعَرْشِ قف یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ

قائم ہوا چھپا دیتا ہے شب سے دن کو ایسے طور پر کہ وہ

یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا لا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

شب اس دن کو جلدی سے آ لیتی ہے اور سورج اور چاند

وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ط اَلَا لَهُ

اور دوسرے ستاروں کو پیدا کیا ایسے طور پر کہ سب اس کے حکم کے تابع ہیں۔ یاد رکھو اللہ ہی کے

الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ط تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ

لیے خاص ہے خالق ہونا اور حاکم ہونا بڑی خوبیوں کے بھرے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ جو تمام عالم

الْعٰلَمِیْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا

کے پروردگار ہیں، دُعا کیا کرو تذلل ظاہر کر کے بھی اور چپکے چپکے بھی (البتہ یہ

وَّخُفْیَةً ط اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ۝ ج

بات) واقعی (ہے کہ) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ناپسند کرتے ہیں جو (دُعا میں) حد (ادب) سے نکل جائیں

وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا

اور دنیا میں بعد اس کے کہ اسکی درستی کر دی گئی ہے فساد مت پھیلاؤ

وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ

اور تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرو اس سے ڈرتے ہوئے اور امیدوار رہتے ہوئے بے شک اللہ تعالیٰ کی

اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ ۞

رحمت نزدیک ہے نیک کام کرنے والوں سے ۞

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ

آپ فرما دیجئے کہ خواہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو

اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ج

جس نام سے بھی پکارو گے سو اس کے بہت سے اچھے نام ہیں۔

وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا

اور اپنی نماز میں نہ تو بہت پکار کر پڑھیے اور نہ بالکل چپکے چپکے ہی پڑھیے

وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ○ وَقُلِ

اور دونوں کے درمیان ایک طریقہ اختیار کر لیجئے۔ اور کہہ دیجئے کہ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا

تمام خوبیاں اسی اللہ (پاک) کے لیے (خاص) ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے

وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَلَمْ

اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ

يَكُنْ لَّهٗ وَلِىٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ

سے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا

تَكْبِيْرًا ۝ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ

کیجئے ۝ ہاں تو کیا تم نے یہ خیال کیا تھا کہ ہم نے تم کو یونہی مہمل (خالی

عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝

از حکمت) پیدا کر دیا ہے اور یہ (خیال کیا تھا) کہ تم ہمارے پاس نہیں لائے جاؤ گے۔

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ

سو (اس سے کامل طور پر ثابت ہو گیا کہ) اللہ تعالیٰ بہت ہی عالیشان ہے جو کہ بادشاہ حقیقی ہے اس

اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ

کے سوا کوئی بھی لائق عبادت نہیں (اور وہ) عرش عظیم کا مالک ہے۔ اور جو شخص (اس امر پر

يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ

دلیل قائم ہونے کے بعد) اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی بھی عبادت کرے کہ جس (کے معبود ہونے) پر

لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ

اس کے پاس کوئی بھی دلیل نہیں، سو اُس کا حساب اسی کے رب کے یہاں ہوگا (جس کا نتیجہ لازمی یہ ہے

لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ○ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ

کہ) یقیناً کافروں کو فلاح نہ ہوگی (بلکہ ابدالآباد معذب رہیں گے) اور آپ یوں کہا کریں کہ اے میرے

وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○ ع

رب (میری خطائیں) معاف کر اور رحم کر اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ○ لا فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ○ لا

قسم ہے ان فرشتوں کی جو صف باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں پھر ان فرشتوں کی جو بندش کرنے والے ہیں

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ○ لا اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ○ ط

پھر ان فرشتوں کی جو ذکر کی تلاوت کرنے والے ہیں کہ تمہارا معبود (برحق) ایک ہے۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

وہ پروردگار ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے

وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ○ ط اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ

اور پروردگار ہے طلوع کرنے کے مواقع کا۔ ہم ہی نے رونق دی ہے اس طرف والے آسمان کو

الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ○ لا وَحِفْظًا

ایک عجیب آرائش یعنی ستاروں کے ساتھ اور حفاظت بھی کی ہے

مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ لَا يَسَّمَّعُوْنَ

ہر شریر شیطان سے۔ وہ شیاطین عالم بالا کی طرف کان

اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ

بھی نہیں لگا سکتے اور وہ ہر طرف سے مار کر دھکے دیے

كُلِّ جَانِبٍ ۖ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ

جاتے ہیں۔ اور ان کے لیے دائمی عذاب

وَّاصِبٌ ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ

ہو گا۔ مگر جو شیطان کچھ خبر لے ہی بھاگے

فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ

تو ایک دہکتا ہوا شعلہ اس کے پیچھے لگ لیتا ہے تو آپ ان سے پوچھیے

اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا

کہ یہ لوگ بناوٹ میں زیادہ سخت ہیں یا ہماری پیدا کی ہوئی یہ چیزیں (کیونکہ)

خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝ ۞ يٰمَعْشَرَ

ہم نے ان لوگوں کو چپکتی مٹی سے پیدا کیا ہے ۞ اے گروہ

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ

جن اور انسان کے اگر تم کو یہ قدرت ہے کہ

تَنۡفُذُوۡا مِنۡ اَقۡطَارِ السَّمٰوٰتِ

آسمانوں اور زمین کی حدود سے کہیں باہر نکل جاؤ تو

وَالۡاَرۡضِ فَانۡفُذُوۡا ؕ لَا تَنۡفُذُوۡنَ اِلَّا

(ہم بھی دیکھیں) نکلو مگر بدون زور کے نہیں نکل سکتے (اور زور ہے

بِسُلۡطٰنٍ ۚ ○ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ○

نہیں) سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے

یُرۡسَلُ عَلَیۡکُمَا شُوَاظٌ مِّنۡ نَّارٍ ۬ۙ

تم دونوں پر (قیامت کے روز) آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑا جائے گا

وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنۡتَصِرٰنِ ۚ ○ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

پھر تم (اس کو) ہٹا نہ سکو گے۔ سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون

رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ○ فَاِذَا انۡشَقَّتِ السَّمَآءُ

کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ غرض جب (قیامت آئے گی جس میں) آسمان پھٹ جاوے گا اور

فَکَانَتۡ وَرۡدَۃً کَالدِّهَانِ ۚ ○ فَبِاَیِّ

ایسا سرخ ہو جاوے گا جیسے سرخ نری (یعنی چمڑا) سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون

اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ○ فَیَوۡمَئِذٍ لَّا

کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ تو اس روز کسی

يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ج ○

انسان اور جن سے اس کے جرم کے متعلق نہ پوچھا جاوے گا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ ۞ لَوْ

سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے ۞ اگر

اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ

ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو

لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ

(اے مخاطب) تو اس کو دیکھتا کہ خدا کے خوف سے دب جاتا اور

خَشْیَةِ اللّٰهِ ط وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا

پھٹ جاتا۔ اور ان مضامین عجیبہ کو ہم لوگوں کے (نفع کے) لیے

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ

بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سوچیں۔ وہ ایسا معبود ہے کہ

الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَیْبِ

اس کے سوا کوئی اور معبود (بننے کے لائق) نہیں۔ وہ جاننے والا ہے پوشیدہ چیزوں کا

وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ○

اور ظاہر چیزوں کا وہی بڑا مہربان رحم والا ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡمَلِكُ

وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی اور معبود نہیں وہ بادشاہ ہے (سب

الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ

عیبوں سے) پاک ہے سالم ہے امن دینے والا ہے نگہبانی کرنے والا ہے

الۡعَزِيۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ

زبردست ہے خرابی درست کرنے والا ہے۔ بڑی عظمت والا ہے اللہ تعالیٰ (جس کی شان یہ ہے)

عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ

لوگوں کے شرک سے پاک ہے۔ وہ معبود (برحق) ہے پیدا کرنے والا ہے ٹھیک

الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ؕ

ٹھیک بنانے والا ہے وہ صورت بنانے والا ہے۔ اس کے اچھے نام ہیں

يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ

سب چیزیں اس کی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور وہی

الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۝ ع

زبردست حکمت والا ہے۔

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ

آپ (ان لوگوں سے) کہیے کہ میرے پاس اس بات کی وحی آئی ہے کہ جنات میں سے ایک جماعت

الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ

نے قرآن سنا پھر (اپنی قوم میں واپس جا کر) انہوں نے کہا کہ ہم نے عجیب قرآن سنا ہے

یَّهْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ

جو راہِ راست بتلاتا ہے سو ہم تو اس پر ایمان لے آئے اور ہم (اب)

نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ وَّاَنَّهُ تَعٰلٰی

اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائیں گے اور (انہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ) ہمارے

جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا

پروردگار کی بڑی شان ہے اس نے نہ کسی کو بیوی بنایا اور نہ

وَلَدًا ۙ وَّاَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا

اولاد۔ اور ہم میں جو احمق ہوئے ہیں وہ اللہ کی شان میں حد سے

عَلَی اللّٰهِ شَطَطًا ۙ

بڑھی ہوئی باتیں کہتے تھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ۙ﴿۱﴾ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا

آپ (ان کافروں سے) کہہ دیجئے کہ اے کافرو (میرا اور تمہارا طریقہ متحد نہیں ہو سکتا اور) نہ (تو

تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲﴾ وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ

فی الحال) میں تمہارے معبودوں کی پرستش کرتا ہوں اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرتے

اَعۡبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۙ﴿۴﴾

ہو اور نہ (آئندہ استقبال میں) میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں گا۔

وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَکُمۡ

اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرو گے۔ تم کو

دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ٪﴿۶﴾

تمہارا بدلہ ملے گا اور مجھ کو میرا بدلہ ملے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾

آپ (ان لوگوں سے) کہہ دیجئے کہ وہ یعنی اللہ (اپنے کمال ذات وصفات میں) ایک ہے اللہ (ایسا) بے نیاز

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ ۙ وَلَمْ يَكُنْ

ہے (کہ وہ کسی کا محتاج نہیں اور اس کے سب محتاج ہیں) اس کے اولاد نہیں **اور** نہ وہ کسی کی اولاد ہے

لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ ع

اور نہ کوئی اس کے برابر کا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ ۙ مِنْ شَرِّ مَا

آپ (اپنے استعاذہ کے لیے) کہیے کہ میں صبح کے مالک کی پناہ لیتا ہوں تمام مخلوقات کے شر

خَلَقَ ۝ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ ۙ

سے اور (بالخصوص) اندھیری رات کے شر سے جب وہ رات آجاوے (اور شب میں شرور کا احتمال ظاہر ہے)

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۝ ۙ

اور (بالخصوص گنڈے کی) گرہوں پر پڑھ پڑھ پھونکنے والیوں کے شر سے۔

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ ع

اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ○ مَلِکِ

آپ کہیے (جس طرح کہ فلق میں گزرا) کہ میں آدمیوں کے مالک، آدمیوں کے

النَّاسِ ۙ○ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ○ مِنۡ شَرِّ

بادشاہ آدمیوں کے معبود کی پناہ لیتا ہوں وسوسہ ڈالنے والے پیچھے

الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ○ الَّذِیۡ

ہٹ جانے والے (شیطان) کے شر سے جو لوگوں کے

یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ○

دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ خواہ (وسوسہ ڈالنے والا)

مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ؑ○

جن ہو یا آدمی (ہو)۔